سوال

(460) یہ رسومات بدعات اور غلو کے ذیل میں آتی ہیں

جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

یہاں تنزانیہ میں ہم لوگ کھانے کی دعوت کرتے ہیں اور شہر میں ایک خاص مقام پر جمع ہوتے ہیں اور کہتے ہیں ''یہ زیارت طریقہ قادریہ کے شیخ عبدالقادر جیلانی کی طرف سے ہے۔'' توکیا یہ کام بدعت ہے یا سنت ہے؟ اور کیا اس میں کوئی حرج یا گناہ کی بات ہے؟ کیونکہ ہم کسی مسجد کو اس وقت آباد نہیں کرتے جب تک یہ ''زیارت'' ادانہ کرلی جائے اور میلادنہ پڑھ لیا جائے یعنی اس مقصد کےلئے باقاعدہ ایک بڑی تقریب منعقد کی جاتی ہے توکیا ان کاموں میں کوئی حرج ہے یا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

نبی اکرمﷺ یا صحابہ کرامؓ اور سلف صالحین رحمہم اللہ کے دور میں کسی فوت ہونے والے نیک آدمی کےلئے اس طرح کی دعوتیں نہیں ہوتی تھیں' نہ کسی صحابی یا بعد کے بزرگ نے حیات طیبہ کے دوران یا آپﷺ کی رحلت کے بعد میلاد منایا نہ آپ کے نام سے کھانے کا اہتمام کیا۔ لہٰذا جناب نبی اکرمﷺ یا کسی اور ولی یا لیڈر کے یوم پیدائش پر تقریب منعقد کرنا اور آپﷺ کی میلاد کے متعلق جو کچھ لکھا گیا ہے وہ پڑھنا' یا ولادت نبوی کے ذکر کے وقت کھڑا ہوجانا اور یہ سمجھنا کہ نبیﷺ تشریف لے آئے ہیں اور ولادت نبوی کی خوشی میں یا شیخ عبدالقادر رحمہ اللہ یا دیگر بزرگوں کی ولادت کی خوشی میں تقریبات منعقد کرانا اور کھانا کھلانا یہ سب غلط کام ہیں۔ نبیﷺ کے احترام اور محبت کا طریقہ تو یہ ہے کہ آپ کی اتباع کی جائے اور آپ کی شریعت پر عمل کیا جائے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

قُلْ إِن كُنتُمْ تُحِبُّونَ اللَّهَ فَاتَّبِعُونِي يُحْبِبْكُمُ اللَّهُ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوبَكُمْ ۗ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ... آل عمران ٣١

''(اے پیغمبر!) فرمادیجئے اگر تم اللہ سے محبت کرتے ہو تو میری اتباع کرو' اللہ تم سے محبت کرے گا اور تمہارے گناہ معاف کردے گا اور اللہ تعالیٰ بخشنے والا رحم کرنے والا ہے۔''

بزرگوں کے احترام اور ان سے محبت کا طریقہ بھی یہی ہے کہ ان کے جو کام جناب رسول اللہﷺ کی سنت اور طریقے کے مطابق ہوں' ان میں ان کی پیروی کی جائے۔

لہٰذا مسلمانوں کا فرض ہے کہ اپنے نبیﷺ اور خلفائے راشدین کے طریقے پر عمل پیرا ہوں' ان کے نقش قدم پر چلیں' بزرگوں کی حد سے زیادہ تعریف اور غلو سے پرہیز کریں۔ نبیﷺ نے فرمایا:

(لَا تُطْرُونِی کَمَا أَطْرَتِ النَّصَارَی ابْنَ مَرْيَمَ فَإِنَّمَا أَنَا عَبْدٌ فَقُولُوا عَبْدُ اللهِ وَرَسُولُه)

''مجھے حد سے نہ بڑھانا جس طرح انصاریٰ نے حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام کو حد سے بڑھا دیا تھا۔ میں صرف ایک بندہ ہوں لہٰذا اللہ کا بندہ اور رسول ہی کہو۔''

اور فرمایا:

(إِيَّاكُمْ وَالْغُلُوَّ فِي الدِّينِ فَإِنَّمَا أَهْلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمُ الْغُلُوُّ)

''دین میں غلو سے بچو۔ تم سے پہلے لوگوں کو غلو نے ہی تباہ کیا تھا۔''

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ دارالسلام

ج1

محدث فتویٰ